PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "معاشرتی رویے"

## "دیگر"


## ہر 5 میں سے 4 پاکستانیوں (83%) کے مطابق وہ اپنے زیادہ تر کام دائیں ہاتھ سے سرانجام دیتے ہیں: گیلپ & گیلانی پاکستان،

اسلام آباد، 23 نومبر، 2017

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 4 پاکستانیوں (83%) کے مطابق وہ اپنے زیادہ تر کام دائیں ہاتھ سے سرانجام دیتے ہیں ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب مرد وخواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، **"چند لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنے زیادہ تر کام دائیں ہاتھ سے سرانجام دیتے ہیں اور بعض بائیں ہاتھ سے سرانجام دیتے ہیں۔ برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنے زیادہ تر کام کرنے کے لیے کس ہاتھ کا استعمال زیادہ کرتے ہیں؟"**، اس سوال کے جواب میں 83% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے زیادہ تر کام دائیں ہاتھ سے سرانجام دیتے ہیں، جبکہ 16% افراد کے مطابق وہ اپنے زیادہ تر کام بائیں ہاتھ سے سرانجام دیتے ہیں، تاہم 1% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"چند لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنے زیادہ تر کام دائیں ہاتھ سے سرانجام دیتے ہیں اور بعض بائیں ہاتھ سے سرانجام دیتے ہیں۔ برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنے زیادہ تر کام کرنے کے لیے کس ہاتھ کا استعمال زیادہ کرتے ہیں؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*
*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلپ اور گیلانی پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر بلال گیلانی کا کہنا ہے کہ "عالمی سطح پر کیے جانے والے مطالعوں کے اعدادوشمار بھی کافی ملتے جلتے ہیں جن کے مطابق مختلف معاشروں میں اپنا زیادہ تر کام بائیں ہاتھ سے کرنے والے افراد کی تعداد 5% سے 20% ہے۔ دائیں ہاتھ کا استعمال کرنے والے افراد کے تسلط / اکثریت کی وجہ سے بہت سی ایسی مصنوعات اور سروسز ہیں جو کہ بائیں ہاتھ کا استعمال کرنے والے افراد کو مدنظر رکھ کر نہیں بنائی جاتی ہیں جس سے بائیں ہاتھ کا استعمال کرنے والے افراد کبھی کبھار احساس کمتری محسوس کرتے ہیں۔ دنیا بھر سے مطالعوں کے نتائج کبھی کبھار اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ بائیں ہاتھ کا استعمال کرنے والے افراد کے ساتھ امتیازی سلوک / تفریق کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر برطانیہ اور امریکہ میں ایک مطالعہ کے نتائج کے مطابق بائیں ہاتھ کا استعمال کرنے والے لوگ دائیں ہاتھ کا استعمال کرنے والے لوگوں کی نسبت 12% کم ہیں"۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1776 مرد و خواتین سے 16 اکتوبر تا 23 اکتوبر 2017 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً 2-3%± لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, November 23, 2017**

*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup & Gilani Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2017

celebrating
37
years
of Gallup Pakistan
(1980-2017)